رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الفقہ**

تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: حج عبادت ہے۔

(الف) بدنی (ب) مالی (ج) بدنی، مالی (د) غیر بدنی، مالی

سوال نمبر 2: **الرکن فی الحج ---**

(الف) **وقوف عرفة** (ب) **طواف الزیارة** (ج) **طواف صدر** (د) **وقوف عرفة، طواف الزیارة**

سوال نمبر 3: مواقیت الاحرام ہیں۔

(الف) تین (ب) چار (ج) پانچ (د) چھ

سوال نمبر 4: عمرہ کے لیے اہل مکہ کا میقات ہے۔

(الف) حرم (ب) حل (ج) مدینہ (د) مدینہ، حل

سوال نمبر 5: احرام سے پہلے بدن پر خوشبو لگانا ہے۔

(الف) واجب (ب) سنت (ج) مستحب (د) ممتنع

سوال نمبر 6: رمل کہتے ہیں۔

(الف) کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا (ب) چادر کو لٹکانا

(ج) چادر کو کندھے پر ڈالنا (د) کندھے کو چادر سے خالی رکھنا

سوال نمبر 7: **إن نظر إلى فرج امرأة بشهوة ---**

(الف) **تجب شاة** (ب) **لا شيء** (ج) **تجب صدقة** (د) **تجب دم**

سوال نمبر 8: حاجی منیٰ سے مناسک عرفات کی طرف جائے گا۔

(الف) نماز فجر کے بعد (ب) نماز فجر سے پہلے (ج) نماز عصر کے بعد (د) نماز عصر سے پہلے

سوال نمبر 9: لبیک موقوف کر دیں گے۔

(الف) پہلی کنکری سے پہلے (ب) پہلی کنکری کے بعد (ج) پہلی کنکری مارتے وقت (د) کنکری اٹھاتے وقت

سوال نمبر 10: مغرب و عشاء اکٹھی پڑھی جائے۔

(الف) مزدلفہ میں (ب) عرفات میں (ج) منی میں (د) مکہ میں

سوال نمبر 11: جبل قزح کس جگہ ہے؟

(الف) منیٰ میں (ب) عرفات میں (ج) مزدلفہ میں (د) مکہ میں

سوال نمبر 12: طواف صدر آفاقیوں پر ہے۔

(الف) واجب (ب) سنت (ج) افضل (د) ممنوع

سوال نمبر 13: عرفات میں ٹھہرنے سے کون سا طواف ساقط ہو جاتا ہے؟

(الف) طواف رکن (ب) طواف قدوم (ج) طواف صدر (د) طواف عمرہ

سوال نمبر14: احناف کے نزدیک حج۔۔۔افضل ہے۔

(الف) قران (ب) تمتع (ج) افراد (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر15: طواف رکن کو ایام نحر سے مؤخر کرنے پر لازم آتا ہے۔

(الف) صدقہ (ب) دم (ج) کفارہ (د) صدقہ و دم

سوال نمبر16: احناف کے نزدیک بدنہ سے مراد ہے۔

(الف) بکری (ب) صرف گائے (ج) صرف اونٹ (د) گائے اور اونٹ

سوال نمبر17: حج کے مہینے ہیں۔

(الف) شوال، ذوالقعدہ (ب) ذوالقعدہ، ذوالحجہ مکمل (ج) ذوالقعدہ، ذوالحجہ کے 10 دن (د) شوال، ذوالقعدہ اور ذوالحجہ کے 10 دن

سوال نمبر18: اگر محرم نے مکمل عضو پر خوشبو لگائی تو اس پر لازم آئے گا۔

(الف) بکری دینا (ب) صدقہ دینا (ج) گائے دینا (د) اونٹ دینا

سوال نمبر19: ٹوٹے ہوئے ناخن کو الگ کرنے سے لازم آتا/آتی ہے۔

(الف) بکری (ب) صدقہ (ج) کفارہ (د) کوئی چیز لازم نہیں آتی

سوال نمبر20: سر پر تیل لگانے سے واجب ہوتا/ہوتی ہے۔

(الف) بکری (ب) بدنہ (ج) صدقہ (د) کچھ نہیں

سوال نمبر21: "لو حلق القارن قبل الذبح" مذکورہ صورت میں واجب ہے۔

(الف) 1 دم (ب) 2 دم (ج) 3 دم (د) صدقہ اور دم دونوں

سوال نمبر22: طواف کے دوران کتنے چکروں میں رمل کیا جاتا ہے؟

(الف) دو (ب) پانچ (ج) تین (د) چار

سوال نمبر23: محرم پر کوے، چیل یا بھیڑیئے کو مارنے کی صورت میں لازم آئے گی۔

(الف) آدھی قیمت (ب) پوری قیمت (ج) صدقہ اور آدھی قیمت (د) کچھ بھی نہیں

سوال نمبر24: اگر درندہ حملہ کردے تو اس کو مارنے پر لازم ہے۔

(الف) صدقہ (ب) آدھی قیمت (ج) پوری قیمت (د) کوئی چیز نہیں

سوال نمبر25: ایک محرم نے شکار پکڑا دوسرے محرم نے اس کو قتل کر دیا تو ضامن ہوگا/ہوں گے۔

(الف) پکڑنے والا (ب) مارنے والا (ج) دونوں (د) دونوں میں سے کوئی نہیں